Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ جات نائب تحصیلداران۔	۱
۲	برخاستگی حیدری مدرس میلک پور۔	۲
۳	توسیع رخصت نائب مدرس شاہ آباد۔	۳
۴	رخصت مدرس شاہ آباد۔	۳
۵	انتظام ... مدرس ... خان۔	۴
۶	درخواست ... درجہ دوم۔	۴
۷	رخصت سید اشرف صاحب ...	۴
۸	برخاستگی مدرس شاہ آباد۔	۴
	نقشہ بارش	ضمیمہ

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۵ ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

منشی تجمل حسین خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل ملک تبدیل ہوں۔ اور منشی مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار ملک تحصیل سوار تبدیل ہوں۔ سید محمد تقی نائب تحصیلدار تحصیل سوار سے تحصیل حضور تبدیل ہوں۔ بحالت تبادلہ اپنی اپنی تنخواہ پاوینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

سیّد حیدر علی مدرس میرانپور تحصیل سوار بوجہ ہونے سزا یاب بجرم دفعہ ۴۹۴ تعزیرات ہند برخاست کیا گیا۔ لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع مدت

۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نجیب اللہ نائب مدرس ساگرپور تحصیل شاہ آباد کی مدت ملازمت امتحانی مین ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے تین ماہ کی توسیع کی لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

شیر علی مدرس اول مدرسہ ساگرپور کی رخصت آٹھ روز بوضع تنخواہ بوجہ علالت ۲۰ ستمبر سنہ حال سے منظور کی گئی۔ لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی وتبادل

۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

عبدالباری مدرس اول مدرسہ گھیر قلندر خان کا کام بہت خراب ہے۔ متعدد مرتبہ اسکو ہدایات کی گئین۔ غیر حاضریاں بھی کی گئین۔ جرمانہ ہوا لیکن اسکو تنبیہ نہین ہوئی۔ نیز یہ کہ مدرس اول و مدرس دوم مین باہمی اختلاف و نزاع رہتا ہے جسکی وجہ سے مدرسہ کی حالت ابتر ہوتی جاتی ہے۔ اور باوجود فہمایش یہ اختلاف بدستور ہے جیسا کہ ان کاغذات سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ لہذا حسب ذیل انتظام کیا گیا۔ انتظام عارضی تا حکم ثانی ہوگا۔

(۱) سید عبدالباری مدرس اول مدرسہ گھیر قلندر خان معطل کیا گیا۔

(۲) تسخیر احمد منشی عالم پاس مدرس دوم مدرسہ راجدوارہ بجائے سید عبدالباری مدرسہ گھیر قلندر خان مین مدرس اول مقرر کیا گیا۔ تسخیر احمد کو اپنی موجودہ تنخواہ کے علاوہ تین روپیہ ماہوار الاونس ملیگا۔

(۳) شاہ عالم خان مدرس دوم مدرسہ گھیر قلندر خان بجائے تسخیر احمد مدرسہ راجدوارہ مین تبدیل کیا گیا

(۴) بجائے شاہ عالم خان کے قدرت اللہ خان مدرس بازید پور پرگنہ حضور تحصیل اپنی موجودہ تنخواہ پر مدرسہ گھیر قلندر خان مین مدرس دوم کی جگہ تبدیل کیا گیا۔

(۵) مدرسہ بازید پور مین مسمی عزیز احسن خان مدرس سنگین کھیڑہ پرگنہ حضور تحصیل تبدیل کیا گیا مدرسہ سنگین کھیڑہ مین چونکہ طلبا کم ہین بالفعل انہین مدرس کے تقرر کی ضرورت نہین ہے

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

محمد شفیع وکیل درجہ دوم مشروط بہ امتحان نے تجدید سند حسب ضابطہ نہین کرائی اور نہ کوئی درخواست آئی۔ لہذا اسکا نام خارج کیا جائے۔ درج گزٹ ہو۔ اور اسکی نقل عدالت ججی کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

رخصت ۱۲ و ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء دو روز ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول بوجہ جانے بمقام امروہہ بغرض شرکت شیعہ کانفرنس منظور کی گئی تا واپسی ہیڈ ماسٹر صاحب کے ماسٹر کشن گوپال ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول کے انچارج رہین گے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ خرابی کام ۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے شیر علی مدرس مدرسہ ساگرپور تحصیل شاہ آباد برخاست کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء لغایت ۱۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں
۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۳
۶ر ״ ״ ״ چہارشنبہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲
۷ر ״ ״ ״ پنجشنبہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲
۸ر ״ ״ ״ جمعہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲
۹ر ״ ״ ״ شنبہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲
۱۰ر ״ ״ ״ یکشنبہ	۰	۱۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲
۱۱ر ״ ״ ״ دوشنبہ	۰	۳۸۵	۰	۵۰۴	۰	۴۸۵	״	۰	۰	۴۸۴	۰	۴۶۲

نقشہ اجناس ریاست رام پور

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							صدر سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص							
نخود کرہ آمیز							
کسہ							
ماش							
مونگ							
مکئی							
جئی							
گوجئی							
عدس							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجد							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							

مطبوعہ پریس سرکاری ریاست رام پور